| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تسمیہ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں بسم اللہ الرحمن الرحیم کو تسمیہ کہتے ہیں۔ ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام لینا چاہیے۔ اس سے کام آسان ہو جاتا ہے۔ طلبہ کو تسمیہ مع ترجمہ کی تین سے پانچ بار پڑھائی کروائیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآنِ مجید کی تلاوت سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنا لازم ہے۔
- انھیں بتائیں تسمیہ قرآن مجید کی ایک آیت ہے۔ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد پاک ہے: "مجھ پر ایک ایسی آیت اُتری ہے کہ کسی نبی پر سوائے حضرت سلیمان علیہ السلام کے ایسی آیت نہیں اُتری، وہ آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے"۔
- طلبہ کو بتائیں قرآنِ مجید کی ہر سورت کی ابتدا، ماسوائے سورۃ التوبۃ کے، تسمیہ سے کی جاتی ہے۔
- انھیں قرآنِ مجید کی مختلف سورتوں کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں بسم اللہ پڑھنے سے ہر کام میں برکت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور شیطان آپ کے کاموں سے دور ہو جاتا ہے۔

- تختہ تحریر پر بسم اللہ پڑھنے کے مواقع لکھیں:
  - کھانا کھانے اور پانی پینے سے پہلے
  - وُضو کرنے سے پہلے
  - پڑھائی شروع کرنے سے پہلے

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے تسمیہ مع ترجمہ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ تسمیہ کا ترجمہ اپنی کاپیوں پر خوشخط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال 1: رنگ بھریں اور ترجمہ لکھیں۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: ______________________________

**سوال 2: ہمیں تسمیہ پڑھنی چاہیے:**

- غصہ آنے پر
- وُضو کرنے سے پہلے
- کھانا کھانے سے پہلے
- بُرا خیال آنے پر
- ہر کام شروع کرنے سے پہلے

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب) عبادات | سبق کا نام: عیدین اور اسلامی تہوار |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دینِ اسلام مسلمانوں کو سال میں خوشی منانے کے کئی مواقع فراہم کرتا ہے۔ انھیں بتائیں دنیا کی تقریباً سبھی قومیں تہوار منانے کا رواج رکھتی ہیں البتہ اسلامی تہوار دوسرے مذاہب کے تہواروں سے مختلف ہوتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۲۴ کے پہلے پیراگراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر تہوار کا مطلب نمایاں کر کے لکھیں اور طلبہ سے باآوازِ بلند پڑھوائیں۔ تہوار = خوشی کا دن۔
- طلبہ کو بتائیں مسلمانوں کے تہوار عیدین کہلاتے ہیں۔ عیدین کا حکم ہجرتِ مدینہ کے پہلے سال دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی خوشی کے لیے سال میں دو اہم دن مقرر کیے۔ ایک عید الفطر اور دوسرا عید الاضحیٰ۔
- تختہ تحریر پر دونوں عیدوں کے نام نمایاں کر کے لکھیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تہوار | تہَ۔وار | خوشی کا دن |
| قومیں | قَو۔میں | قوم کی جمع، کسی ملک کے شہری |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے پہلے سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں طلبہ کے درمیان پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں گفتگو کروائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: عیدین اور اسلامی تہوار | باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب)عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک کے بعد عید الفطر آتی ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں عید الفطر کے تہوار کو چھوٹی عید بھی کہا جاتا ہے۔ یہ عید رمضان المبارک کے بعد یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔ انھیں بتائیں یہ عید دراصل اللہ تعالیٰ نے ہمیں انعام کے طور پر عطا کی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۲۴ سے عید الفطر کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عید الفطر دراصل رمضان المبارک کے روزوں کا انعام ہے اس روز اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کے روزوں اور راتوں میں عبادت کرنے کا ثواب عطا فرماتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں عید کی نماز سے پہلے فطرانہ ادا کیا جاتا ہے۔
- تختہ تحریر پر لکھیں فطرانہ سے مراد ایک خاص مقدار میں غلّہ یا رقم بطور صدقہ ہے جو غریبوں کو دیا جاتا ہے تاکہ وہ بھی ہمارے ساتھ عید کی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عیدگاہ | عید۔گاہ | وہ جگہ یا وسیع میدان جہاں عید کی نماز ادا کی جائے۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(۱)کا سوال(۲)طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

فطرانہ ادا کرنے کے معاشرتی فوائد کے بارے میں کمرا جماعت میں گفتگو کریں۔